**SET-4**

**Series JBB**

کوڈ نمبر **Code No. 5B**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **21** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : ۳ گھنٹے　　　　　　　　　　　　کل نمبر:۸۰

*Time allowed : 3 hours*　　　　　　　　　　　　*Maximum Marks : 80*

## (حصہ الف)

**1۔** درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

"ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں تجارت کے لیے آئی اور رفتہ رفتہ اس نے یہاں ایک فوجی طاقت کی حیثیت حاصل کرلی۔ تجارت کے بجائے اس نے حکمرانی کے خواب دیکھنے شروع کردیئے۔ اس زمانے میں ہندوستان کے مقامی راجا، مہاراجا، نوابین اور بادشاہ آپسی جنگوں میں مصروف تھے۔ اس لیے وہ لوگ انگریزوں کے خلاف متحد نہ ہوسکے۔ اس صورتِ حال کا انگریزوں نے پورا فائدہ اٹھایا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ پورے ملک پر ان کا قبضہ ہوگیا اور مقامی حکمراں ان کے وظیفہ خوار بن کر رہ گئے اور پھر فوجی غلبہ اور اقتدار کے ساتھ ساتھ ہندوستانیوں پر انگریزوں کے ظلم وستم کا سلسلہ روز بروز بڑھتا ہی چلا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مقامی باشندوں کے دلوں میں انگریزوں کے خلاف نفرت پیدا ہوگئی۔ اور مئی 1857 کو نفرت کا وہ لاوا اچانک پھٹ پڑا اور انگریزوں کے خلاف بغاوت کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اس کی ابتدا میرٹھ سے ہوئی اور جلد ہی دہلی اس کا مرکز بن گیا۔"

(i) ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے قیام کا کیا مقصد تھا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) اس زمانے میں ہندوستان کی کیا حالت تھی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) انگریزوں نے کس طرح اس موقع کا فائدہ اٹھایا۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) انگریزوں کے مظالم کا نتیجہ کیا ہوا؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) ہندوستانی انگریزوں سے نفرت کرنے لگے

(b) ہندوستانی انگریزوں سے مل گئے

(c) اوپر کے دونوں غلط ہیں

(d) ہندوستانیوں نے انگریزوں سے دوستی کرلی

(v) انگریزوں کے خلاف بغاوت کہاں سے شروع ہوئی؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) جھانسی

(b) لکھنؤ

(c) حیدرآباد

(d) میرٹھ

**2۔** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

غفلت کی ہنسی سے آہ بھرنا اچھا　　افعالِ مضر سے کچھ نہ کرنا اچھا
اکبر نے سنا ہے اہلِ غیرت سے یہی　　جینا ذلّت سے ہو تو مرنا اچھا

خود اپنی نگاہوں سے گرا جاتا ہوں　　قطرہ سا زمین میں سما جاتا ہوں
احباب مرے دفن کی کیوں فکر میں ہیں　　میں شرم گنہ سے خود گڑا جاتا ہوں

کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے　　مانندِ حباب اُبھر کر اِتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات میں فخر خسیس　　تنکا تھوڑی ہوا سے اڑ جاتا ہے

(i) شاعر کے خیال میں ذلّت سے جینے سے بہتر کیا ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) شاعر خود کو اپنی نگاہوں سے گرتا ہوا کیوں محسوس کرتا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) شاعر نے کم ظرف انسان کی کیا پہچان بتائی ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) نگاہ سے گرنے کا مطلب کیا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) بے عزت ہونا

(b) بے قدر ہونا

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) اوپر کے اشعار میں 'جینا اور مرنا' الفاظ کیا ہیں ؟ درج ذیل متبادل جوابوں کی مدد سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) مترادف

(b) متضاد

(c) جمع

(d) مرکب

**3۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

لین شو کے تمام خیالات اپنی آخری امید یعنی آسمانی امداد کے گرد گھومتے رہے۔ اس کو بچپن ہی سے یہ تعلیم دی گئی تھی کہ سب کا پالن ہار بڑا رحیم اور کریم ہے۔ انسان کے دل کی گہرائیوں کی بات جانتا ہے۔

لین شوا پنے کھیتوں میں بیل کی طرح کام کرتا تھا۔ وہ کچھ لکھنا پڑھنا بھی جانتا تھا۔ آئندہ اتوار تک اس نے اپنے آپ کو اس بات کا پختہ یقین دلا دیا کہ ایک ان دیکھی محافظ ہستی موجود ہے اس یقین کے بعد اس نے خدا کے نام ایک خط لکھنا شروع کیا۔

''یا ربی''

اگر تو نے میری مدد نہیں کی تو میں اور میرا کنبہ اس سال فاقوں کا شکار ہو جائیں گے۔ اس وقت ایک سو روپیوں کی اشد ضرورت ہے۔ تا کہ میں کھیتوں کی حالت دوبارہ ٹھیک کر سکوں اور ان میں بوائی کر سکوں اور نئی فصل کی کٹائی تک زندہ بھی رہ سکوں کیوں کہ ژالہ باری نے ساری فصل تباہ کر دی ہے۔''

(i) اپنے کھیتوں میں بیل کی طرح کون کام کرتا تھا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) لین شو کے خیالات کس کے گرد گھومتے تھے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) ژالہ باری سے لین شو کا کیا نقصان ہوا ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) رضیہ سلطان

(b) قول کا پاس

(c) آدمی کی کہانی

(d) خدا کے نام خط

(v) لین شو نے خط کے ذریعے کتنی رقم طلب کی تھی ؟ درج ذیل متبادل جوابوں کی مدد سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) دو سو روپے

(b) پانچ سو روپے

(c) ایک سو روپے

(d) چار سو روپے

یا

کبھی کبھی کھانے میں وٹامن 'اے' کی کمی کی وجہ سے بینائی کم ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے بچے حادثوں میں اپنی بینائی کھو بیٹھتے ہیں۔ بچو! وٹامن 'اے' کی کمی پورا کرنے کے لیے اپنے کھانے میں ہری سبزیاں، گاجر، پیلے پھل، آم، پپیتا، کدو وغیرہ مناسب مقدار میں استعمال کرنا چاہیے۔ ساتھ ہی گلی ڈنڈا اور پٹاخوں یا نکیلی چیزوں سے اپنی آنکھوں کی خاص طور پر حفاظت کرنا چاہیے۔ کبھی کبھی گندگی سے بھی آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں۔ آنکھوں کو ہمیشہ صاف پانی سے دھوتے رہنا چاہیے۔ صاف تولیے یا رومال سے آنکھیں پوچھنی چاہئیں۔ کم روشنی میں نہیں پڑھنا چاہیے اور آنکھوں کی ورزش بھی کرتے رہنا چاہیے۔ ان سب باتوں کا خیال رکھنے سے تمہاری آنکھیں محفوظ رہ سکتی ہیں۔"

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) آنکھوں کی حفاظت کے لیے خاص طور پر کن چیزوں سے بچنا چاہیے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) وٹامن 'اے' کی کمی کو کس طرح پورا کیا جاسکتا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) آنکھیں خراب کیوں ہوتی ہیں ؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) کبھی کبھی کھانے میں وٹامن 'اے' کی کمی کی وجہ سے

(b) کبھی کبھی حادثوں کی وجہ سے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) ہمیں کم روشنی میں نہیں ۔۔۔۔ چاہیے۔ خالی جگہ کو درج ذیل متبادل الفاظ میں سے صحیح لفظ سے بھریے۔

(a) سونا

(b) پڑھنا

(c) کھانا

(d) کھیلنا

**4۔** درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ **5**

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بہ وقتِ مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے
ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بُری چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

نازاں نہ ہو خرد پہ، جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ مری دانش وری چلے

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) ابھی آئے، ابھی چلے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) عمرِ خضر سے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) چھوٹی عمر

(b) لمبی عمر

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) درج بالا اشعار میں ہر شعر کے آخر میں لفظ چلے آیا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) قافیہ

(b) مطلع

(c) ردیف

(d) مقطع

یا

ہے دنیا جس کا ناؤں میاں یہ اور طرح کی بستی ہے
جو مہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سستوں کو یہ سستی ہے
یاں ہر دم جھگڑے اٹھتے ہیں، ہر آن عدالت بستی ہے
گر مَست کرے تو مستی ہے اور پَست کرے تو پستی ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اس کو بھی مان ملے
جو پان کھِلاوے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) ان اشعار میں شاعر نے دنیا کو کیسی بستی بتایا ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) ''عدل پرستی'' کے کیا معنی ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) دست بدستی

(b) قوم پرستی

(c) انصاف پرستی

(d) ظلم پرستی

(v) درج بالا اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) پہاڑ اور گلہری

(b) نیکی اور بدی

(c) قدم بڑھاؤ دوستو

(d) اے شریف انسانو

## (حصّہ-ب)

**5**۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو (250) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *10*

(i) قومی یکجہتی

(ii) اسکول کا سالانہ جلسہ

(iii) دورِ حاضر میں انٹرنیٹ کی اہمیت

(iv) میرا پسندیدہ کھیل

**6**۔ آپ کی کلاس کا کمرہ چھوٹا ہے۔ اور کلاس میں بچے زیادہ ہیں۔ اس کے لیے پرنسپل سے اپنی کلاس کو دوسرے کمرے میں منتقل کرنے کی درخواست کیجیے۔ *5*

**یا**

اپنے دوست کو خط لکھ کر اخبار کے فائدے بتائیے اور روزانہ اخبار پڑھنے کی تلقین کیجیے۔

**7** ۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے. *5*

(i) کاٹھ کا گھوڑا

(ii) آدمی کی کہانی

**8۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) رباعی کی تعریف لکھیے اور میر انیس کی رباعیات کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

## (حصّہ۔ج)

**9۔** درج ذیل جملوں میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے؟ لکھیے۔ 2

(i) اکبر نے ایک کہانی پڑھی۔

(ii) ندیم کھانا کھا رہا ہے۔

(iii) میں کل جے پور جاؤں گا۔

(iv) میں اپنا کام وقت کی پابندی کے ساتھ کرتا ہوں۔

**10۔** (i) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟ 1

(ii) کسی عام شخص، عام جگہ اور عام چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟ 1

**11۔** حرف نشاط، حرف تاسف یا حرف ندا یا جوش وجذبے کو جس نشان کے ذریعے سے ظاہر کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔ 2

**12۔** درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 2

دشمن ، قید ، محبت ، نزدیک

**13۔** درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔ 2

قدر ، رسم ، بڑھ ، اتحاد

**14۔** درج ذیل الفاظ کے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 2

مدد ، ممالک ، تدابیر ، سبزی

**15۔** درج الفاظ کے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔ 2

لڑکا ، پہاڑ ، شاعرہ ، استانی

**16۔** سابقہ 'غیر' جوڑ کر ایک لفظ اور لاحقہ 'کار' جوڑ کر ایک لفظ لکھیے۔ 2

**17۔** درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

(i) آسمان سر پر اٹھانا

(ii) رونگٹے کھڑے ہونا

(iii) دل بھر آنا

(iv) آنکھیں بھر آنا

## (حصّہ۔د)

**18۔** درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ *2x3=6*

(i) اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا؟

(ii) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(iii) دودھ پلانے والے جانور بڑے بڑے بے ڈول جانوروں سے زیادہ سخت جاں کیوں نکلے؟

(iv) رضیہ سلطان کی خوبیاں کیا تھیں؟

(v) آلودگی سے کیا مراد ہے؟ پانی کی آلودگی کس طرح پیدا ہوتی ہے؟

(vi) اُتر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی؟ اور ہند آریائی زبانیں کون کون سی ہیں؟

**19۔** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ *1x2=2*

(i) بھیم راؤ امبیڈکر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے؟

(ii) رکن الدین کس کا بیٹا تھا؟ اسے کس نے مارا؟

(iii) چندو کے بارے میں بندو کے ذہن میں کیا خیال آیا؟

(iv) اونتی نے سرائے والے مزدور کے جھگڑے کو حل کرنے کے لیے کیا دلیل دی؟

**20۔** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ *2x2=4*

(i) ؎ خدا کی شان ہے ناچیز، چیز بن بیٹھیں

جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں

کون کس سے کہہ رہا ہے؟ نظم کا نام بھی لکھیے۔

(ii) ے خون اپنا ہو یا پرایا ہو
نسلِ آدم کا خون ہے آخر

اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ لکھیے۔

(iii) چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟ درج ذیل شعر کی روشنی میں لکھیے۔

ے یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا

(iv) درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

ے نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

**21۔** درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ *1x3=3*

(i) اپنے نصاب میں شامل ساحرؔ لدھیانوی کی نظم کا نام لکھیے۔

(ii) ع جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

خالی ظرف کے صدا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) گلہری ایسا کون سا کام کرسکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے ؟

(iv) شعر مکمل کیجیے:

سفر کی ابتدا ہے یہ، ابھی رکو نہ راہ میں

--------------